سوال

(65) بغیر حساب کے جنت میں لے جانے والا کام

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کچھ احادیث میں آتا ہے کہ اگر کسی نے فلاں کام کیا تو وہ بغیر حساب کے جنت میں جائے گا۔ الاول؛''قال اللہ تعالیٰ یوم القیامة للمجاہدین والشہداء ادخلوا الجنة فید خلونہا بغیر حساب ولا عذاب '' الحاکم (۲/۷۲) وصحہ ووافقہ الذہبی۔والثانی : ''الذین لا یسترقون ولا یکتورون ولا یتطیرون وعلی ربہم یتوکلون ... ید خلون الجنة بغیر حساب ولا عذاب الخ'' صحیح البخاري (٦٤٧٢) مسلم (۲۲۰) فی لایمان والمشکاۃ بتحقیق الثانی للالبانی (۵۲۲۵) والحدیث الاخر الحاکم (۷۰۱۸) وصحہ ووافقہ الذہبی وبو عوانة (۵/۹٤)

لیکن اگر اس کے ذمہ حقوق العباد ہوں گے تو وہ کس طرح جنت میں جائے گا۔ نیز قرآن پاک میں آتا ہے کہ جو چھوٹی نیکی کرے گا اس کی جزا پائے گا۔ اور جو چھوٹی سی بُرائی کرے گا تو وہ اس کی بھی سزا پائے گا۔ پھر بغیر حساب جنت میں کیسے جائے گا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حقوق العباد کا معاملہ واقعی بڑا پر خطر ہے لیکن اللہ جب کسی فرد کو بغیر حساب جنت میں لے جانا چاہے گا تو اس کا معاملہ اپنی طرف سے نپٹا کر بلا حساب جنت میں داخل کرنے کی کوئی رکاوٹ یا ممانعت نہیں ہوگی۔ فی الجملہ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو؛(الفتح 3/111) اس صورت میں بلا حساب جنت میں داخلہ اللہ کی نظر شفقت رحمت خاص اور درگزر سے ہی ممکن ہوگا۔ صحیح حدیث میں ہے :

«لن یدخل الجنة احد بعلمہ» «لن یدخل الجنة احدا عملہ» قالوا : ولا انت ؟ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال : «ولا انا الا ان یتغمدنی اللہ منہ رحمة» صحیح البخاري کتاب الرقاق باب لقصد والمداومة علی العمل عن عائشہ رضی اللہ عنہا (٦٤٦٤) الی ٦٤٦٧) صحیح مسلم کتاب صفات المنافقین باب لن یدخل احد الجنة... (۷۱۲۲) واللفظ لہ عن ابی ہریرۃ وجابر وعائشة رضی اللہ عنہم

کوئی شخص جنت میں محض اپنے عمل کی بنیاد پر نہیں جائے گا جب تک اللہ اسے اپنے دامان رحمت میں نہ ڈھانپ لے گا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص240

محدث فتویٰ